سورۂ یٰسین کے وظائف و عملیات پر
ایک معتبر کتاب

سورۂ یٰسین کی عظمت و افادیت

مؤلف
مولانا حسن الہاشمی
سرپرست اعلیٰ ہاشمی رُوحانی مرکز دیوبند

مکتبہ رُوحانی دُنیا دیوبند

سورۂ یٰسین کے وظائف وعملیات پر
ایک معتبر کتاب

سورۂ یٰسین کی عظمت وافادیت

مؤلف
مولانا حسن الہاشمی
سرپرست اعلیٰ ہاشمی روحانی مرکز دیوبند

مکتبہ روحانی دنیا دیوبند

باسمہٖ تعالیٰ

سورۂ یٰسٓ

کی عظمت وافادیت

سورۂ یٰسین کے عملیات پر ایک نادر کتاب

مرتب

مولانا حسن الہاشمی (فاضل دارالعلوم دیوبند)

سرپرست اعلیٰ ہاشمی روحانی مرکز، دیوبند

ناشر

مکتبہ روحانی دنیا، محلہ ابوالمعالی، دیوبند ۲۴۷۵۵۴

نام کتاب	:	سورۂ یٰسین کی عظمت وافادیت
	:	Surai Yaseen Ki Azmato Ifadiyat
نام مرتب	:	مولانا حسن الہاشمی (فاضل دارالعلوم، دیوبند)
کمپوزنگ	:	عمرالٰہی
پروف ریڈنگ	:	دانش عامری
سرورق	:	دانش عامری
بہ اہتمام	:	ابوسفیان عثمانی
پریس	:	کیپٹل آفسیٹ پریس، دیوبند
	:	Capital Offset Press, Deoband
تاریخ اشاعت	:	جون ۲۰۰۷ء
قیمت	:	-/25 روپے

ناشر

مکتبہ روحانی دنیا، محلہ ابوالمعالی، دیوبند ۲۴۷۵۵۴

Maktaba Roohani Dunya

Moh. Abulmali, Deoband Ph: 01336-224455

انتساب

اُن تمام حضرات کے نام

جواللہ کے بندوں کی روحانی خدمت میں مصروف ہیں

اور خدمت خلق کو جو عبادت کا درجہ دیتے ہیں۔

خادم

حسن الہاشمی

فہرست مضامین

سورہ یٰسین کی عظمت وافادیت

عنوانات	صفحات

الف

ب

ت

ج

چ

ح

ایک ضروری بات

دہلی کے ایک چور ادارے نے "مکتبہ روحانی دنیا" کی کتابیں چوری سے چھاپ لی ہیں۔ اس ادارے کے خلاف دنیا اور آخرت میں ایک دن ہمارا مقدمہ دائر ہوگا۔ دنیا کی عدالت میں ہم کامیاب ہوں یا نہ ہوں لیکن انشاء اللہ آخرت کی عدالت میں ہم ضرور کامیاب ہوں گے۔ بدنصیب ہیں وہ لوگ جو دینی اور روحانی کتابوں کی بھی چوری کرتے ہیں اور اس طرح کے گناہ کرکے اپنی اوقات دنیا کو بتاتے ہیں کہ وہ کون ہیں اور کس خون سے پلے بڑھے ہیں۔ چوری کی کتابوں کی سب سے بڑی خرابی یہ ہوتی ہے کہ یہ گھٹیا کاغذ پر گھٹیا طباعت کے ساتھ چھاپی جاتی ہیں اس لئے یہ لوگ فروخت کرنے والوں کو زیادہ کمیشن پر فروخت کردیتے ہیں اور اس طرح کی کتابیں خریدنے سے خریداروں کا نقصان ہوتا ہے۔

کاغذ اور چھپائی کے گھٹیا ہونے کے ساتھ اس میں غلطیاں بھی بہت ہوتی ہیں کیوں کہ مصنف ان پر نظر ثانی نہیں کرپاتا۔ آپ سے درخواست ہے کہ آپ ہماری کتاب خریدنے سے پہلے اس پر چھپا ہوا پتہ "مکتبہ روحانی دنیا، دیوبند" ضرور دیکھ لیں۔ روحانی کتابیں خرید کر اور ان سے استفادہ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ اصل ناشر کی چھپی ہوئی کتابیں آپ خریدیں اور چوروں کے ساتھ تعاون کرنے سے گریز کریں۔

منیجر

مکتبہ روحانی دنیا، دیوبند

افسران وحکام کومہربان کرنے کے لئے

اگر کوئی افسر یا حاکم سخت مزاج رکھتا ہو اور لوگ اس کی سخت مزاجی سے پریشان ہوں یا کسی فرد کو اس کے مزاج کی سختی سے کسی غلط فیصلے کا اندیشہ ہو تو عشاء کی نماز کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رو بیٹھ کر ۲۵ مرتبہ سورۂ یٰسین کی تلاوت کریں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اپنے اوپر دم کرلیں اور ایک گلاس پانی پر دم کر کے اس کو اسی وقت پی لیں اور کچھ پانی اٹھا کر رکھ دیں۔ جب حاکم کے پاس جائیں تو وہ پانی اپنے چہرے پر مل لیں۔ انشاء اللہ حاکم دیکھتے ہی مہربان ہو جائے گا اور معاملہ کوئی بھی ہو انشاء اللہ صحیح فیصلہ کرنے پر مجبور ہوگا۔

آسیب سے حفاظت

اگر کسی ایسی جگہ جانا ہو جہاں آسیب کا خوف ہو تو ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھیں اول وآخر ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اپنے اوپر دم کرلیں انشاء اللہ آسیب سے پوری طرح محفوظ رہیں گے۔ اس عمل کا دھیان اُن عاملوں کو بھی کرنا چاہئے جو کسی کا مکان یا دکان چیک کرنے جا رہے ہوں۔

اچانک کسی مشکل میں پھنس جانا

اگر کوئی شخص یا کوئی گھرانہ اچانک کسی مشکل یا مصیبت کا شکار ہو جائے تو گھر کے چند افراد ایک مجلس میں بیٹھیں اور ایک ہی مجلس میں ایک سو مرتبہ سورۂ یٰسین کی تلاوت کریں۔ اول وآخر۔ وہ شخص جو دعا کرائے گا ۱۱ مرتبہ درود شریف

پڑھے۔ اس کے بعد اجتماعی دعا کریں اور مشکل سے نجات حاصل کرنے کے لئے اپنے رب کے آگے دامن پھیلائیں۔ انشاء اللہ دعا قبول ہوگی اور مشکل سے نجات مل جائے گی۔

اولاد کے لئے

جن حضرات کے اولاد نہ ہوتی ہو ان کے لئے سورۂ یٰسین کا ایک قیمتی اور مجرب عمل پیش ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ پاک وصاف لباس میں بحالت وضو سورۂ یٰسین کی تلاوت کریں اور ایک انار کو چار ٹکڑوں میں اس طرح کاٹیں کہ چاروں ٹکڑے ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں نہایت یکسوئی کے ساتھ سورۂ یٰسین کی تلاوت گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد شروع کریں جب پہلے مبین پر پہونچیں تو انار پر دم کردیں پھر جب دوسرے مبین پر پہونچیں تو پھر انار پر دم کردیں اسی طرح ساتوں مبین پر انار پر دم کریں۔ اس کے بعد سورۂ یٰسین کو مکمل کر کے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لیں اور ایک بار پھر انار پر دم کریں۔ عمل کے وقت ۲۵۰ گرام بھنے ہوئے چنے اور ۲۵۰ گرام کشمش بھی پاس رکھ لیں اور عمل کے اختتام پر ان دونوں چیزوں پر دم کر کے کم سن بچوں میں تقسیم کردیں۔ اس کے بعد رات کو صحبت سے پہلے میاں بیوی انار کا ایک ایک ٹکڑا کھالیں۔ اس کے بعد صحبت کریں۔ اگلے دن جب دونوں میاں بیوی غسل جنابت سے فارغ ہو جائیں تو پھر ایک ایک ٹکڑے کو کھالیں۔ انشاء اللہ اسی ماہ حمل قرار پائے گا اور اللہ کے فضل وکرم سے فرزند صالح پیدا ہوگا۔

آفات ومصائب سے محفوظ رہنے کے لئے

آفات ومصائب سے محفوظ رہنے کے لئے نیا چاند دیکھنے کے بعد اللہ سے دعا کریں اور بحالت وضو سورۂ یٰسین کی تلاوت کریں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس کے بعد ایک بار یہ دعا مانگیں "اَللّٰھُمَّ اَھِلَّهٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی رَبِّیْ وَ رَبُّهٗ۔"

انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے پورے ماہ ہر طرح کی آفات ومصائب سے حفاظت رہے گی اور اگر کسی طرح کا طاعون پھیلے گا تو یہ گھر محفوظ رہے گا۔

ادائیگی قرض کے لئے

اگر کوئی شخص قرض کی لعنت میں گرفتار ہو تو اس کو چاہئے کہ نماز فجر کے بعد ۳ مرتبہ سورۂ یٰسین کی تلاوت کرے اور اللہ سے قرض کی ادائیگی کی دعا کرے۔ اول وآخر روزانہ گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھے اس عمل کو ۲۱ روز تک جاری رکھیں انشاء اللہ جلد قرض سے نجات مل جائے گی۔

احتلام سے بچاؤ کے لئے

اگر کسی شخص کو احتلام کی بیماری ہو جائے اور اس بیماری کی وجہ سے اس کی صحت تباہ ہو رہی ہو تو اس کو چاہئے رات کو بستر پر لیٹنے کے بعد صرف ایک مرتبہ سورۂ یٰسین کی تلاوت کریں اور اول وآخر ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اپنے سینے پر اور پیٹ پر دم کریں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے احتلام سے محفوظ رہے گا اور آئندہ اس طرح کے مرض کی شکایت نہیں رہے گی۔ یہ عمل بہت مجرب ہے اور اللہ کے بندوں نے اس سے بارہا فائدہ اٹھایا ہے۔ زندگی کے

پیچیدہ مسائل میں ارباب یقین کلام الٰہی سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور جن لوگوں کا یقین مادی چیزوں پر ہے وہ لوگ کلام الٰہی کی برکتوں سے محروم رہتے ہیں۔

بری موت سے حفاظت کے لئے

ہر انسان کو ایک نہ ایک دن موت آنی ہے مگر سرکار دو عالم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ بری موت سے پناہ مانگنی چاہئے۔ بری موت سے محفوظ رہنے کے لئے روزانہ ایک مرتبہ سورۂ یٰسین کی تلاوت کریں اور بعد نماز مغرب دو نفلیں اس طرح ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسین پڑھیں اور اگر سورۂ یٰسین پوری یاد نہ ہو تو سورۂ یٰسین کی یہ ۳ آیات پڑھ لیا کریں یٰسٓ ٥ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ٥ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ٥ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ٥

انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے پانی میں ڈوبنے سے، آگ میں جلنے سے، ایکسیڈنٹ سے اور دیگر ناگہانی اور بری اموات سے حفاظت اور خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

بھاگے ہوئے کو واپس بلانے کے لئے

اگر کوئی بھاگ گیا ہو یا غائب ہو گیا ہو تو اس کو واپس بلانے کے لئے یہ عمل کریں کہ سورۂ یٰسین کسی اندھیرے کمرے میں جس میں برائے نام روشنی ہو بیٹھ کر سات مرتبہ پڑھیں اور کسی برتن میں پانی لے کر رکھ لیں۔ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ جب سورۂ یٰسین مکمل کر لیں تو پانی پر دم کر دیں اسی طرح ساتوں مرتبہ پانی پر دم کریں۔ درود شریف پہلی بار شروع میں اور ساتویں بار آخر میں پڑھنا ہے پھر اس پانی کو مکان میں چاروں طرف چھڑک دیں۔

پہلے مشرق کی طرف پھر مغرب کی طرف اس کے بعد شمال وجنوب کی طرف۔ یہ عمل لگاتار ۳ دن تک کرنا ہے اور پانی چھڑکنے کے بعد دو رکعت نفل پڑھ کر دعا کرنی ہے کہ فلاں ابن فلاں گھر واپس آجائے۔ انشاء اللہ بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔

بدکاری سے باز رکھنے کے لئے

اگر کوئی شخص بدکاری کی طرف مائل ہو، شراب پیتا ہو، بدکاری کرتا ہو یا کسی برے فعل میں مبتلا ہو تو اس کے لئے یہ عمل کریں۔

کسی پرانی قبر کی تھوڑی سی مٹی کو اٹھا کر لائیں اور اس پر ۱۲ مرتبہ باوضو ہو کر سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کردیں اور کسی پھل دار درخت کی جڑ میں دفن کردیں اور ایک کاغذ پر یہ لکھ کر فلاں بن فلاں بدکاریوں سے باز آجائے، اس کو بھی اسی مٹی کے ساتھ دفن کردیں۔ انشاء اللہ چند دنوں کے بعد وہ سدھار کی طرف چل پڑے گا۔

بواسیر کے لئے

ماہِ مبارک میں آخری بدھ کو ایک چاندی کا چھلہ لیں، اس کے بعد پانی پر سات مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کردیں۔ اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر اس چھلے کو آگ میں تپائیں، جب وہ خوب تپ جائے تو اس کو پڑھے ہوئے پانی میں ٹھنڈا کریں۔ اس کے بعد دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں یا اس کے برابر والی انگلی میں پہن لیں۔ بواسیر کیسی بھی ہوگی خونی یا بادی اس سے نجات مل جائے گی۔

باطنی قوت حاصل کرنے کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی باطنی قوت میں اضافہ ہوجائے اور اس کا دل باطنی قوت کی وجہ سے منور ہوجائے تو اس مقصد کے لئے وہ ایک چلہ اس عمل کے ساتھ گذارے اور دورانِ عمل ہر طرح کے گوشت سے مچھلی سے اور انڈے سے خود کو محفوظ رکھے۔ اس چلّے کی شروعات نوچندی جمعرات سے کرے اور سورۂ یٰسین اس طرح پڑھے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سورۂ یٰسین شروع کرے، جب پہلے مبین پر پہونچے تو سو مرتبہ "یامبین، یامبین" کی تکرار کرے اور گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور ایک بار آیت الکرسی پڑھے۔ اس عمل کو ہر مبین پر دوہرائیں سات مبین آئیں گے، اس طرح سورۂ یٰسین سات مرتبہ پڑھنی ہوگی اور آٹھویں بار سورۂ یٰسین شروع سے آخیر تک پڑھیں۔ جب آخری بار پڑھیں گے پھر مبین پر رک کر کچھ پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ ختم سورۃ کے بعد مندرجہ ذیل دعا کو ایک بار پڑھے۔ یہ عمل لگاتار ۴۰ دن تک کرنا چاہئے انشاء اللہ زبردست باطنی قوت پیدا ہوگی۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ رِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا وَّاسِعًا بِغَيْرِ كَدٍّ وَّاسْتَجِبْ دُعَائِىْ بِغَيْرِ رَدٍّ وَّ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَضِيْحَتَيْنِ الْفَقْرِ وَالدَّيْنِ بِحُرْمَةِ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ كُلِّ مَحْزُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ كُلِّ مَغْمُوْمٍ سُبْحَانَ الْمُنَفِّسِ مِنْ كُلِّ مَشْغُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُيَسِّرِ مِنْ كُلِّ مَدْيُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُخَلِّصِ لِكُلِّ مَسْجُوْنٍ سُبْحَانَ الْعَالِمِ لِكُلِّ مَكْنُوْنٍ سُبْحَانَ الْكَاشِفِ عَنْ كُلِّ مَغْمُوْمٍ سُبْحَانَ مَنْ بَحْرِىْ الْمَاءِ فِى الْبِحَارِ وَ

الْعُیُوْنِ سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ خَزَائِنَہٗ بَیْنَ الْکَافِ النُّوْنِ، اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ○ سُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ○ سُبْحَانَہٗ وَ تَعَالٰی عَمَّا یَصِفُوْنَ ○ وَ سَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○

تسخیر خلائق کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ لوگ اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں، اس کی عزت کریں اور اس کے ساتھ حسن اخلاق کا مظاہرہ کریں تو اس کو چاہئے بحالت وضو اکیس مرتبہ سورۂ یٰسین کی آیت سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْم پڑھے اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن تک کرے ۴۱ ویں دن عمل سے فارغ ہونے کے بعد یہ نقش اپنے گلے میں ڈال لے اور اس کو ہرے کپڑے میں پیک کرے۔ انشاء اللہ زبردست تسخیر کی دولت سے سرفراز ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

سلام	سلام	من	رب رحیم
رب رحیم	من	قولا	سلام
قولا	سلام	من رب رحیم	من
قولا	رب رحیم	سلام	قولا

تسخیر خلائق کا دوسرا عمل

اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات سے عمل شروع کریں اور

روزانہ "یاسلام" ۱۳۱ مرتبہ اور یارحمٰن ۲۹۸ مرتبہ پڑھیں اور اول و آخیر ۹۲ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس عمل کو ۴۰ دن تک کریں۔ ۴۱ ویں دن سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْم چودہ سو مرتبہ پڑھیں اور مندرجہ ذیل نقش لکھ کر ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈال لیں۔ انشاء اللہ زبردست تسخیر حاصل ہوگی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

سلام	قولا	من	رب رحیم
۹۱	۴۵۹	۱۳۲	۱۳۶
۴۵۸	۸۸	۱۳۹	۱۳۳
۱۳۸	۱۳۴	۴۵۷	۸۹

جن یا جادو سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ جادو یا جن کے اثرات سے وہ محفوظ رہے بالخصوص اس وقت جب کہ وہ کسی ایسے مریض کے پاس جا رہا ہو جو جن یا جادو کا شکار ہو تو اس کو چاہئے کہ عود یا بیری کی لکڑی لے کر اس پر سورۂ یٰسین کی ۳ بار تلاوت کر کے خود پر اور اس لکڑی پر دم کر دے۔ اس کے بعد اس لکڑی کو کہیں جنگل میں دبا دے۔ انشاء اللہ اثرات جن اور اثرات سحر سے محفوظ رہے گا۔

جدائی کے لئے

دو ایسے شخص جن کا تعلق ناجائز ہو یا جن کے اتحاد سے اللہ کے بندے

پریشان ہوں ان میں جدائی ڈالنے کے لئے یہ عمل کریں۔

مٹی کا کورا برتن لیں اور اس کو سامنے رکھ کر ۴۱ مرتبہ سورہ یٰسین پڑھیں۔ اول وآخر درود شریف نہ پڑھیں اور ۴۱ مرتبہ سورہ یٰسین پڑھنے کے بعد اُن دونوں کی جدائی کا تصور کرتے ہوئے برتن پر تین مرتبہ دم کردیں۔ اس کے بعد ان دونوں کو کسی جگہ بلائیں اور جب یہ آمنے سامنے بیٹھ جائیں تو ان کے درمیان اس برتن کو توڑ دیں، انشاء اللہ اسی وقت سے ان کی عداوت کا آغاز ہوگا۔

جلد شادی کے لئے

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو وہ نوچندی جمعرات کو صبح ۸ بجے سے ۱۲ بجے کے درمیان ۴۱ مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر اپنی شادی کی دعا کرے انشاء اللہ بہت جلد پیغام آئے گا اور شادی طے ہوجائے گی۔ یہ عمل بارہا کا آزمایا ہوا ہے۔

جنات سے دوستی کرنا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی جنات سے دوستی ہوجائے اور دوستی بھی ایسی کہ وہ جب بھی کسی کام کا حکم دے جنات فوراً اس کی تعمیل کریں تو اس کو چاہئے کہ پہلے اپنے اندر نیک لوگوں کی خصلتیں پیدا کرے۔ مثلاً پنج گانہ نماز کی پابندی، پاکی صفائی کا خیال، جھوٹ، غیبت، لعن طعن اور بدکاریوں سے احتراز کرے اور حتی الامکان شریعت کی پابندی کرے اور اللہ کے بندوں کے ساتھ ہمیشہ خیر خواہی کا معاملہ کرے۔

یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ جنات ہر کس وناکس کے تابع نہیں ہوتے، وہ اسی انسان کے تابع ہوتے ہیں جس کو یہ سمجھتے ہیں کہ یہ اہل ہے۔ کسی کو اگر وہ

نااہل سمجھتے ہیں تو تابع ہونا تو درکنار وہ اس کے قریب بھی نہیں پھٹکتے۔ اس لئے جنات سے دوستی کرنے کے لئے یا ان کو اپنا مطیع بنانے کے لئے سب سے پہلے اپنے اندر اہلیت پیدا کرنی چاہئے، صرف عمل پر بھروسہ نہیں کرنا چاہئے، مسلمان جنات کی یہ خوبی ہوتی ہے کہ وہ تلاوت قرآن پاک سے، بہت خوش ہوتے ہیں اور جو کوئی قرآن حکیم کی تلاوت خوش الحانی کے ساتھ کرتا ہے تو جنات اس کو بغور سنتے ہیں اور اپنے دلوں میں خوشی اور سکون محسوس کرتے ہیں۔ بالخصوص سورۂ رحمٰن اور سورۂ جن اور سورۂ یٰسین کی تلاوت سے وہ بہت خوش ہوتے ہیں، اس لئے عامل کو چاہئے کہ وہ قرآن حکیم کی تلاوت صحت الفاظ کے ساتھ اور خوش الحانی کے ساتھ کیا کرے تاکہ غیبی مخلوق اس سے محظوظ ہوسکے۔

جنات کو مسخر کرنے کے لئے نوچندی بدھ سے عمل کا اہتمام کرے اور بدھ، جمعرات، جمعہ اور ہفتہ کے دن یعنی ۴ دنوں تک لگاتار روزے رکھے اور اس درمیان ہر وقت پاک وصاف اور باوضو رہے۔ وضو اگر ٹوٹ جائے تو فوراً وضو کرے، روزانہ غسل کرے، جب بھی غسل کرے پاک، صاف لباس پہنے اور خوشبو کا استعمال کرے جس جگہ غسل کرنا ہے وہاں بھی اگربتی اور لوبان وغیرہ کا اہتمام کرے۔

جس جگہ غسل کرنا ہو وہاں ایک چٹائی، قلم، دوات، کالا ڈورا اور سفید کاغذ لا کر پہلے ہی رکھ لے۔ کالی روشنائی سے نقوش وغیرہ لکھنے ہوں گے، اس لئے کالی روشنائی رکھے۔ ایک ہزار دانوں پر مشتمل تسبیح بھی لا کر رکھے۔ پھر ایک وقت مقرر کر کے عمل کی شروعات کرے۔ اگر نماز عشاء کے بعد کا وقت مقرر کر لے تو بہتر ہے۔ اگر اس وقت ممکن نہ ہو تو پھر نماز فجر کے بعد کا وقت مقرر کر

لے۔ یہ وقت بھی یکسوئی کا وقت ہوتا ہے۔ اگر رات کو عمل کرنا مقصود ہو تو چراغ زیتون یا چنبیلی میں جلائے ورنہ نائٹ بلب روشن کرے۔ نماز عشاء کے بعد عمل کا آغاز اس طرح کرے پہلے چار رکعات بہ نیت تہجد پڑھ لے پھر عمل کی شروعات کرے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھے پھر ایک مرتبہ سورۂ دُخان پڑھے پھر ایک مرتبہ سورۂ سجدہ اور ایک مرتبہ سورۂ ملک پڑھے۔ اس کے بعد اللہ سے دعا کرے کہ میری جو خواہش ہے اس کو پورا فرمادیں۔ چار روز تک یا چار راتوں تک اسی طرح عمل کرے۔ چوتھے دن جو ہفتے کا دن ہوگا اس دن عصر کی نماز سے پہلے کاغذ کے سات ٹکڑے برابر کرلے اور باوضو کاغذ کے ٹکڑوں پر یہ آیات لکھے۔

پہلے ٹکڑے پر وَهُوَ الَّذِیْ یُحْیِ وَیُمِیْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ اللَّیْلِ وَالنَّهَار

دوسرے ٹکڑے پر وَ اِذَا قَضٰی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ

تیسرے ٹکڑے پر فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

چوتھے ٹکڑے پر ثُمَّ اِذَا دَعَاکُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْاَرْضِ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ

پانچویں ٹکڑے پر فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰی رَبِّهِمْ یَنْسِلُوْنَ

چھٹے ٹکڑے پر وَ نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰی رَبِّهِمْ یَنْسِلُوْنَ

ساتویں ٹکڑے پر یَوْمَ یَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا

فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

اس کے بعد ان ساتوں کاغذوں کو لپیٹ کر ان پر کالا ڈورا چڑھادیں اور ان کو اپنی ٹوپی یا پگڑی میں رکھ لیں۔ اس کے بعد چار رکعت نفل اس طرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسین، دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ دخان، تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ سجدہ اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ ملک پڑھے۔ سجدوں میں سبحان ربی الاعلیٰ ۳ مرتبہ پڑھنے کے بعد ایک مرتبہ یہ دعا بھی پڑھے۔

سُبْحَانَ مَنْ لَبِسَ الْعِزَّ وَ قَالَ بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ تَکَلَّفَ بِالْحَمْدِ وَ تَکَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ اَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ بِعِلْمِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَّا یَنْبَغِی التَّسْبِیْحُ اِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ مَنْ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ سُبْحَانَ مَنْ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا کَانَ وَمَالَمْ یَشَاءُ لَهٗ یکن سُبْحَانَ ذِی الْمَنِّ وَالْفَضْلِ وَ النِّعَمِ سُبْحَانَ ذِی الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ سُبْحَانَ ذِی الطَّوْلِ وَالْفَضْلِ سُبْحَانَ ذِی الْعَرْشِ وَاللَّوْحِ وَالْقَلَمِ وَالنُّوْرِ۔

دونوں سجدوں کے درمیان یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ عَرْشِكَ وَ مُنْتَهَی الرَّحْمَةِ مِنْ کِتَابِكَ وَ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ وَ بِوَجْهِكَ الْکَرِیْمِ الْکَرَمِ وَ بِکَلِمَاتِ التَّامَّةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ عَوْنًا مِّنْ مُلَحَاءِ الْجِنِّ یُعِیْنُنِیْ عَلٰی مَا اُرِیْدُ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْیَا۔

چاروں رکعات اسی طرح پڑھنے کے بعد دوزانو بیٹھ جائے۔ اسی وقت سات جنات حاضر ہوں گے اور السلام علیکم کا نذرانہ پیش کریں گے۔

اس وقت عامل کو کسی طرح کی گھبراہٹ اور خوف کا اظہار نہیں کرنا چاہئے کیوں کہ یہ جنات طلب کرنے پر حاضر ہوئے ہیں۔ اس لئے ان سے کسی طرح کا کوئی ڈر خوف نہیں ہے۔ البتہ عامل کو اپنا حصار کر کے عمل کرنا چاہئے کیوں کہ جنات حصار کے اندر داخل ہونے کی طاقت نہیں رکھتے۔

عامل کو چاہئے کہ بے خوف ہو کر جنات کے سلام کا جواب دے پھر اپنی ٹوپی یا پگڑی میں سے وہ سات کاغذ نکال کر کسی ایک کاغذ میں لکھی ہوئی آیت کو پڑھے اور پوچھے کہ کاغذ کا یہ پرزہ کس کا ہے؟ ان میں سے ایک کہے گا کہ یہ میرا ہے تو عامل کو پوچھنا چاہئے کہ تمہارا نام کیا ہے؟ جب وہ اپنا نام بتادے تو عامل کو چاہئے کہ اس نام کو اس کاغذ پر لکھے اور کہے کہ اپنی مہر لاؤ جب وہ جن اپنی مہر دیدے تو عامل کو چاہئے کہ اُس مہر کو اُس کاغذ پر لگادے۔

اس طرح ساتوں ٹکڑوں پر لکھی ہوئی آیات کو عامل پڑھے اور پوچھے کہ پرزہ کس کا ہے؟ پھر جن کا نام پوچھے پھر اس کا نام لے کر مہر لگادے، اس کے بعد عامل جنات سے کہے کہ تم مجھ سے وعدہ کرو کہ میں تمہیں جب بھی طلب کروں تم حاضر ہو کر میری مدد کرو گے۔

عامل جب بھی جنات کو حاضر کرنے کا ارادہ کرے تو کسی بھی نماز کے بعد یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَقَاعِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَ مُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ وَ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الْاَكْرَمِ وَ بِكَلِمَاتِ التَّامَّةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ عَوْنًا مِنَ الصُّلَحَاءِ الْجِنِّ يُعِيْنُنِیْ عَلٰى مَا اُرِيْدُ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا۔

اس دعا کو جب بھی پڑھے گا جنات حاضر ہو جائیں گے، عامل کو چاہئے کہ مکمل تنہائی میں حاضرات کرے۔ عامل جنات کو جو بھی حکم دے گا اس کی تعمیل کریں گے۔ لیکن عامل کو چاہئے کہ وہ صرف جائز امور میں جنات سے خدمات لے، ناجائز کاموں میں انہیں پریشان نہ کرے ورنہ اس بات کا خطرہ رہے گا کہ وہ عامل کو ہلاک کردیں یا عامل کی اولاد کو پریشان کریں۔ عامل کو چاہئے کہ وہ جنات سے بے خوف رہے، اگر وہ ان کی حاضری پر خوف زدہ ہو گیا تو ساری محنت بے کار ہو جائے گی اور جنات واپس ہو جائیں گے کیوں کہ جنات کسی بھی ڈرپوک عامل کا ساتھ نہیں دے سکتے۔

اس عمل میں قرآن حکیم کی جن سورتوں کا ذکر کیا گیا ہے عامل کو چاہئے کہ ان کو حفظ کرلے اور ہر جمعرات کو ایک ایک بار ان کی تلاوت پابندی کے ساتھ کرے۔ انشاء اللہ اگر ہوش وحواس کے ساتھ اس عمل کی تکمیل کرلی گئی تو جنات تابع ہوں گے اور عامل کے ہر اُس حکم کی تعمیل کریں گے جو جائز ہو۔ یہ لاکھوں اور کروڑوں روپے کا عمل ہے۔ جسے اِس کتاب کے قارئین کے لئے بطور خاص پیش کیا جارہا ہے اور اس کی اجازت ہر اُس عامل کو دی جاتی ہے جو اس کا اہل ہو۔

چشم خلائق میں مقبول ہونا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا مقام لوگوں کی نظروں میں مقبول اور بلند ہو اور جو بھی اس کو دیکھے اس کی عزت کرے اور اس کے سامنے اپنا سر جھکائے تو اس کو سورۂ یٰسین کا عمل کرنا چاہئے۔ طریقۂ عمل یہ ہے کہ نماز فجر کے بعد اور نماز عشاء کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد سورۂ یٰسین اس طرح شروع کرے کہ لفظ یٰسین نوے بار پڑھے، اس کے بعد سورۂ یٰسین پڑھنی شروع

کرے اور ہر سبین پر الصلوۃ خیر من النوم گیارہ مرتبہ پڑھے اور اپنے
دونوں کانوں میں شہادت کی انگلیاں رکھ لے۔ سورہ ختم کرنے کے بعد گیارہ
مرتبہ درود شریف پڑھ کر تسخیر خلائق کی دعا کرے۔ اس عمل کو دن میں دو بار نماز
فجر کے بعد اور نماز عشاء کے بعد لگاتار ۴۰ دن تک کرے۔ انشاء اللہ مخلوق کی
نظروں میں زبردست مقبولیت ہوگی اور جو بھی دیکھے گا عزت واحترام کرنے پر
مجبور ہوگا۔

چالیس دن پورے ہونے کے بعد اس عمل کو تاعمر عشاء کے بعد کرتا رہے
اور کرشمۂ قدرت دیکھے۔

چشم خلائق میں مقبول ہونے کا دوسرا عمل

مخلوق کی نظروں میں مقبولیت حاصل کرنے کا ایک دوسرا عمل یہ ہے کہ
نوچندی جمعرات کو نماز فجر کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد عامل
اپنے ہاتھ سے سفید کاغذ پر سنہری یا ہری روشنائی سے سورۂ یٰسین لکھے اور اس کو
تعویذ بنا کر اپنے گلے میں ڈال لے۔ ناپاکی میں اس کو اپنے گلے سے الگ
کرے اسی طرح باتھ روم وغیرہ میں اس کو لے کر نہ جائے اور نماز فجر اور نماز
عشاء کے بعد ایک مرتبہ سورۂ یٰسین کی تلاوت تازندگی کرتا رہے انشاء اللہ
زبردست تسخیر حاصل ہوگی اور مخلوق محبت اور احترام کرنے پر مجبور ہوگی۔

چور پکڑنا

بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ گھر میں گھر کے افراد یا دفتر وغیرہ میں دفتر کے
ارکان ہی میں سے کوئی چور ہوتا ہے اور کوئی بھی شخص چوری کا اعتراف نہیں کرتا،

ایسے وقت میں اس طریقے کو اپنائیں اور اندازہ کریں کہ چوری کس نے کی
ہے، اس عمل کو کرنے سے پہلے ایک مٹی کا لوٹا لیں اور جن افراد پر چوری کا شبہ ہو
ان کے نام الگ الگ پرچیوں پر لکھ کر انہیں آپس میں رلا دیں، اس کے بعد ایک
پرچی اٹھائیں اور لوٹے میں ڈال دیں اور لوٹے کو دو افراد اپنی شہادت کی انگلی
سے اٹھالیں اور ان دونوں میں سے ایک سورۂ یٰسین کی تلاوت کرے، جب
پڑھنے والا مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ تک پہونچے تو دیکھیں کہ لوٹا گھوم رہا ہے یا نہیں اگر
گھوم جائے تو اس کو چور سمجھیں ورنہ پھر دوسری پرچی ڈال کر یہ عمل کریں۔ اسی
طرح ناموں کی پرچیاں ڈالتے رہیں اور سورۂ یٰسین مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ تک
پڑھتے رہیں۔ جو شخص بھی چور ہوگا اسی کے نام کی پرچی پر لوٹا گھوم جائے گا۔ یہ
یاد رکھیں کہ اس طرح کے عمل پوری احتیاط کے ساتھ کریں اور جس کے نام پر لوٹا
گھوم جائے ایک دم اس کا نام سب کے سامنے نہ کھولیں بلکہ اس کو تنہائی میں بلا
کر بتائیں تاکہ سر عام کسی کی رسوائی نہ ہو کیوں کہ حق تعالیٰ کو کسی بھی انسان کی
پردہ دری پسند نہیں ہے۔

برائے حب

اگر کوئی شخص کسی کی محبت حاصل کرنا چاہتا ہو تو گیہوں کے ۴۱ دانے لے
اور ہر ایک دانے پر سورۂ یٰسین ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے پھر مطلوب کے بغیر
دھلے ہوئے کپڑے میں ان گیہوں کو لپیٹ کر کسی پھل دار درخت کی جڑ میں دبا
دیں، انشاء اللہ مطلوب کے دل میں طالب کی محبت پیدا ہوگی، اگر یہ عمل
دوسروں کے لئے کیا جائے تو مطلوب بغیر دھلے ہوئے کپڑوں پر یہ عبارت
لکھیں الحب فلاں ابن فلاں علی حب فلاں ابن فلاں پہلے مطلوب اور اس کی

ماں کا نام لکھیں بعد میں طالب اور اس کی ماں کا نام اور اس کپڑے میں گیہوں لپیٹ کر پھل دار درخت کی جڑ میں دبا دیں۔

حاجت کے لئے

اگر کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو تو اس کو چاہئے کہ عروج ماہ میں کسی بھی دن سے یہ عمل شروع کرے، گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورۂ یٰسین کی تلاوت شروع کرے اور ہر مبین پر رُک کر سورۂ فاتحہ نستعین تک پڑھ کر گیارہ مرتبہ سورۂ نصر پڑھے، اس کے بعد پھر سورۂ یٰسین شروع سے پڑھے اس طرح ہر مبین سے مذکورہ آیات اور سورہ پڑھ کر پیچھے لوٹنا ہے اور اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن تک جاری رکھنا ہے، سورۂ یٰسین کے ختم پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد اپنی حاجت روزانہ اپنے رب کے حضور رکھے، انشاء اللہ حاجت کتنی بھی اہم ہوگی پوری ہو جائے گی۔

حاجت روائی کا ایک اور عمل

بعد نمازِ عشاء دو رکعت نفل بہ نیت قضائے حاجت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ۳ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے، نماز کے اختتام پر سورۂ یٰسین اس طرح پڑھے کہ ہر مبین پر "یاقاضی الحاجات یا مسبب الاسباب" گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اس عمل میں پیچھے لوٹنے کی ضرورت نہیں۔ ہر مبین پر رک کر مذکورہ عمل پڑھیں اور آگے بڑھ جائیں۔ ختم سورۃ پر گیارہ مرتبہ دورد شریف پڑھ کر سجدے میں جائیں اور اپنے رب سے اپنی حاجت بیان کریں۔ انشاء اللہ چالیس دن کے اندر اندر حاجت پوری ہوگی، چالیس دن

پورے ہونے پر عمل ترک کر دیں۔

حاجت روائی کا ایک اور عمل

اگر کوئی حاجت پوری نہ ہوتی ہو تو یہ عمل کریں، روزانہ سورۂ یٰسین ۲۰ مرتبہ پڑھیں، اول و آخیر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور سو گرام چینی پر دم کرلیں، روزانہ اپنی حاجت اپنے رب کے سامنے رکھیں اور اس چینی کو کسی بھی درخت کے نیچے ڈال دیں، اس عمل کو لگاتار ۱۱ دن تک کریں۔ انشاءاللہ کیسی بھی جائز حاجت ہوگی پوری ہو جائے گی۔

حاجت روائی کا ایک اور عمل

اس عمل کو نوچندی جمعرات سے شروع کریں اور عشاء کے بعد ایک بار پڑھیں، اول و آخیر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں، روزانہ ایک مرتبہ اسی طرح سورۂ یٰسین کی تلاوت کرتے رہیں، جب چالیس دن ہو جائیں تو چالیس بار سورۂ یٰسین ہو جائے گی اب روزانہ ایک کم کرتے رہیں مثلاً ۴۱ ویں دن ۳۹ مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھیں، اگلے دن ۳۸ مرتبہ، اس سے اگلے دن ۳۷ مرتبہ پڑھیں اس طرح ایک عدد کم کرتے چلے جائیں، جب آخیر میں ایک مرتبہ پڑھیں گے تو اللہ سے اپنی حاجت پوری کریں، اس کے بعد روزانہ تا عمر ایک مرتبہ سورۂ یٰسین کی تلاوت کریں، اس عمل کی برکت سے جب بھی دعا کریں گے اپنے لئے یا کسی اور کے لئے فوراً قبول ہوگی۔

حاجت روائی کا ایک اور عمل

سات جمعوں کو عصر کے بعد یہ عمل کرے کہ سات مرتبہ سورۂ یٰسین کی

تلاوت کرے، اول وآخیر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا کرے، انشاءاللہ جو بھی حاجت ہوگی، پچاس دن کے اندر اندر پوری ہوجائے گی۔

دکان خوب چلے

اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی دکان خوب چلے اور جو سودا بک نہیں رہا ہو وہ بک جائے تو اس کے لئے یہ عمل کریں کہ نوچندی جمعرات سے شروع کر کے سات دن تک جاری رکھیں اور روزانہ سات مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر اپنی دکان کے سامان پر دم کردیں، انشاءاللہ سات دن کے بعد دکان اتنی چلے گی کہ حیرت ہوگی، ہر طرف سے گراہک کھنچے چلے آئیں گے۔

دوستی کے لئے

اگر دو دوستوں میں بدگمانی ہوگئی ہو اور بدگمانی کی وجہ سے دوستی ختم ہوگئی ہو تو ان کی دوستی کو بحال کرنے کے لئے یہ عمل کریں کہ بادام کی ۲ گیریاں لے کر ان پر سات مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کریں اور ایک گیری ایک کو کھلادیں اور دوسری دوسرے کو، انشاء اللہ ان کی بدگمانی ختم ہوجائے گی اور دوستی بحال ہوجائے گی، بارہا کا آزمودہ عمل ہے۔

دشمنوں میں جدائی ڈالنا

اگر کسی کے دشمن باہمی مشورے سے اس کو جانی اور مالی نقصان پہنچانے کے درپے رہتے ہوں اور ہر آن ان سے خطرہ ہو اور یہ یقین ہو کہ اگر ان کے درمیان پھوٹ پڑ جائے تو پھر وہ دشمنی کرنے سے باز آجائیں گے تو اس کے لئے یہ عمل کریں، باوضو ہوکر قبلہ رو بیٹھیں اور سات سات مرتبہ یہ پڑھیں اَللّٰهُمَّ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاهِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَادِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اور اس کے درمیان ۴۱ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں، پھر سورۂ یٰسین کی تلاوت شروع کریں، جب پہلے مبین پر پہونچیں تو کہیں بحق سورۂ یٰسین اور آیت فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ پھر اپنی ہتھیلی کو زمین پر مارتے ہوئے دشمنوں کا اور ان کی ماؤں کا نام لیں اور ۳ بار کہیں آمین، آمین، آمین۔ اس کے بعد پھر شروع سے سورۂ یٰسین پڑھیں اور جب دوسرے مبین پر پہونچیں پھر مذکورہ عمل کو دہرائیں، اس طرح ہر مبین پر اس عمل کو دوہراتے رہیں اور شروع سے یٰسین پڑھتے رہیں، آخری بارہ سورۂ یٰسین آخیر تک پڑھیں، آخیر میں پھر وہی درود پڑھیں جو اوپر ذکر کیا گیا ہے، ختم عمل پر دشمنوں کے درمیان جدائی کی دعا کریں، اس عمل کو لگاتار ے روز تک کریں، انشاء اللہ دشمنوں میں پھوٹ پڑ جائے گی۔

ذہن کھولنے کے لئے

اگر کسی کی یادداشت کمزور ہو اور وہ اس کو بحال کرنا چاہتا ہو یا کسی طالب علم کی قوت حافظہ کمزور ہو اور اس کو سبق یاد نہ رہتا ہو تو اس کو چاہیے کہ جمعہ کی شب میں بعد نماز عشاء چار رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسین پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد قوت حافظہ کے لئے دعا کرے، اس عمل کو لگاتار ے روز کرنا چاہیے، اگر کسی کو سورۂ یٰسین یاد نہ ہو تو نماز میں سورۂ فاتحہ کے بعد یہ آیات پڑھے یٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۝ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ۝ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد بس اتنا ہی پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد سورۂ

یٰسین دیکھ کر ۳ مرتبہ پڑھے اور دعا مانگے، انشاءاللہ حافظہ کی قوت بڑھ جائے گی۔

رزق میں اضافے کے لئے

اگر کوئی شخص رزق کی تنگی سے پریشان ہو تو اس کو چاہئے بعد نماز عشاء دو رکعت نفل پڑھ کر ۳ بار سورۂ یٰسین پڑھے اور کثرت رزق کی دعا کرے، اس عمل کو لگاتار ۲۱ دن تک کرے، انشاءاللہ رزق میں اضافہ ہوگا اور خوب خیر و برکت بھی ہوگی۔

روزی میں برکت کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی روزی میں خوب خیر و برکت ہو اور رزق بھی موسلا دھار بارش کی طرح اس کے گھر میں برسے اور وہ شخص اگر کسی کے روزگار کے لئے بھی دعا کرے تو قبول ہو تو اس کے لئے اس کو سورۂ یٰسین کی زکوٰۃ نکالنی چاہئے، بزرگوں نے اس کی زکوٰۃ کے ۴ طریقے لکھے ہیں، زکوٰۃ کا ایک طریقہ تو یہ ہے کہ سورۂ یٰسین روزانہ سو مرتبہ پڑھیں اور چالیس دن تک پڑھیں، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں، اس طریقہ سے بھی زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے اور اس کا اثر عمر بھر رہتا ہے، زکوٰۃ کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ سورۂ یٰسین روزانہ ۷۰ مرتبہ پڑھیں اور لگاتار ۴۰ دن تک پڑھیں، اس طرح بھی زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے اور اس کا اثر بیس سال تک رہتا ہے، زکوٰۃ کا تیسرا طریقہ یہ ہے کہ سورۂ یٰسین روزانہ ۲۱ مرتبہ پڑھیں، اس طرح بھی زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے اور زکوٰۃ کا اثر پانچ سال تک باقی رہتا ہے، ان چاروں طریقوں میں سے کوئی سا بھی طریقہ اختیار کریں لیکن نیت زکوٰۃ کی رکھیں اور چالیس دن تک یہ پرہیز

کریں، ہر طرح کا گوشت، انڈا، مچھلی، کچی پیاز، لہسن نہ کھائے، جھوٹ، غیبت لعن طعن سے خود کو محفوظ رکھے اور زبان سے حلق جتنے بھی گناہ ہوں ان سے دور رہے۔ انشاءاللہ زکوٰۃ ادا ہوگی، اس کے بعد سورۂ یٰسین ایک مرتبہ پڑھ کر جس کے لئے عامل دعا کرے گا فوراً قبول ہوگی اور روزانہ خیر و برکت ہوگی اور عامل کسی کا محتاج نہیں رہے گا۔

رضائے الٰہی کے لئے

اگر کوئی شخص رضاء الٰہی کا خواہش مند ہو اور یہ چاہتا ہو کہ اس کو اللہ کی خوشنودی حاصل ہو اور مرتے وقت اس کو کلمہ نصیب ہو تو اس کو چاہئے کہ روزانہ نماز فجر کے بعد ایک مرتبہ سورۂ یٰسین کی تلاوت کا معمول بنائے اور ہمیشہ اس کی پابندی رکھے، سورۂ یٰسین کی برکت سے اس کو عبادت کی بھی توفیق ہوگی اور رضاء الٰہی کی دولت سے وہ سرفراز ہوگا۔

زبان بندی کے لئے

دشمن کی اور کسی بدزبان کی زبان بند کرنے کے لئے ۴۰ بنولے لے کر ان پر ۳ مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کریں اور جس کی زبان بند کرنی ہو اس کا اور اس کی ماں کا نام لے کر ان بنولوں پر دم کر دیں اور دشمن اور بدزبان کے گھر میں دبا دیں، اگر دباتے وقت کوئی نہ دیکھے تو اچھا ہے، انشاءاللہ ایسی زبان بند ہوگی کہ لوگ حیرت کریں گے۔

سخت مزاجی دور کرنا

اگر کوئی شخص بدمزاج ہو اور ہر ایک کے ساتھ سختی سے پیش آتا ہو اور ہر ایک

کے ساتھ بداخلاقی کا مظاہرہ کرتا ہو تو اس کی سختی، بداخلاقی اور تشدد کو ختم کرنے کے لئے یہ عمل کریں۔ باوضو چینی کی پلیٹ پر بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ یٰسٓ وَالْقُرْآنِ الْحَکِیْمِ ○ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ○ لکھیں اور پانی سے دھو کر روزانہ پلادیں، اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن تک کریں، انشاءاللہ مزاج کی سختی ختم ہوگی اور دل میں نرمی پیدا ہوگی، اس کے بعد وہ شخص ہر ایک کے ساتھ محبت و اخلاق کا برتاؤ کرنے پر مجبور ہوگا۔

شادی کے لئے

اگر کسی کا رشتہ کسی جگہ طے ہو کر کسی غلط فہمی کی وجہ سے چھوٹ گیا ہو اور وہ دوبارہ کسی طرح بھی رشتہ کے لئے راضی نہ ہوتے ہوں جب کہ وہ وہاں پر شادی کرانے کا خواہش مند ہو یا کوئی خاص جگہ شادی کرانے کا ارادہ رکھتا ہو اور وہاں کسی صورت کوئی بات نہ بنتی ہو اور وہ چاہتا ہو کہ کسی طرح اس کی شادی وہاں ہوجائے تو ایسی صورت میں عامل کو چاہئے کہ وہ باوضو حالت میں چاروں کے نام لکھے یعنی طالب ومطلوب اور اُن کی ماؤں کے نام لکھے، سات بار سورۂ یٰسین پڑھے اور دم کرے، اس کاغذ کو ایک کورے مٹی کے برتن میں رکھ دیں، اس برتن کو پانی نہ لگا ہوا ہو، اس برتن کو خشک آٹے سے بھرے ہوئے برتن میں دفن کردے اور پھر یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یٰسٓ یَاجِبْرِیْلُ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ یَا عَیْنَافِیْلُ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ یَاطَاطَائِیْلُ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ یَارَحْمَائِیْلُ تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ یَا دَرْدَائِیْلُ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّا اُنْذِرَ آبَاءُ ھُمْ فَھُمْ غٰفِلُوْنَ یَا کُوْمَائِیْلُ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰی اَکْثَرِھِمْ فَھُمْ

لَا یُؤْمِنُوْنَ یَاجِبْرَائِیْلُ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْ اَعْنَاقِھِمْ اَغْلَالًا فَھِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَھُمْ مُّقْمَحُوْنَ یَامِیْکَائِیْلُ وَ جَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ یَااِسْرَافِیْلُ وَ سَوَاءٌ عَلَیْھِمْ ءَ اَنْذَرْتَھُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْھُمْ فَھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ یَا شَمْسَائِیْلُ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّکْرَ وَ خَشِیَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَیْبِ فَبَشِّرْہُ بِمَغْفِرَۃٍ وَّ اَجْرٍ کَرِیْمٍ یَا رَحْمَائِیْلُ اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمَوْتٰی وَ نَکْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَ اٰثَارَھُمْ وَ کُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰہُ فِیْ اِمَامٍ مُّبِیْنٍ یَارَحْمَائِیْلُ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِحَوْلِ اللّٰہِ وَ قُوَّتِہٖ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مَعْشَرَ الْاَرْوَاحِ الرُّوْحَانِیَّۃِ وَ بِنُوْرِ اللّٰہِ بِحُرْمَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ھَادِیُ یَا لَطِیْفُ یَا بَاقِیُ اَجِبْ یَا رَتْنَائِیْلُ وَ بِوَحْدَانِیَّتِکَ مِنَ الرُّوْحَانِیَّۃِ وَ الْاَرْضِیَّۃِ وَ اَنْتَ مُفَتَّتٌ سَمْعًا وَّ اَبْصَارًا وَّ مُطِیْعًا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَ بِحُرْمَۃِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَ بِحُرْمَۃِ الْمَلِکِ الْغَالِبِ عَلَیْکُمْ اَمْرَہٗ اَبْجَدْ اَلْجَیْبُ کھصھطیل وَ بِحُرْمَۃِ قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَ زَھَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ زَھُوْقًا اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَمْرَہٗ یَالَطِیْفُ یَارَسْبَائِیْلُ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِکَ لِیَجْعَ طَیُوْشٌ صَحِیْحٌ وَاضْرِبْ لَھُمْ مَّثَلًا اَصْحَابَ الْقَرْیَۃِ اِذْ جَاءَ ھَا الْمُرْسَلُوْنَ یَااَشْمَائِیْلُ اِذْ اَرْسَلْنَا اِلَیْھِمُ اثْنَیْنِ فَکَذَّبُوْھُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْا اِنَّا اِلَیْکُمْ مُّرْسَلُوْنَ یَاعِزْرَائِیْلُ قَالُوْا مَا اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَمَا اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَیْءٍ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَکْذِبُوْنَ یَاھُوْرَائِیْلُ قَالُوْا رَبُّنَا یَعْلَمُ اِنَّا اِلَیْکُمْ

لَمُرْسَلُوْنَ يَاطَاطَائِيْلُ وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْنُ يَاهُوْرَائِيْلُ
يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَارَءُوْفُ يَاجَلِيْلُ يَاجَبَّارُ يَاجَوَّارُ يَاجَائِيْلُ اَجِبْ
يَاجِبْرَائِيْلُ اَنْتَ وَ خُدَّامِكَ مِنَ الرُّوْحَانِيَّةِ وَالْاَرْفِعِيَّةِ وَ اَنْتَ اَمْرَهٗ
سَمِيْعًا مُّطِيْعًا بِحُرْمَةِ صَمَدًا اَحَدُ بِحُرْمَةِ وَ قَدِمْنَا اِلٰى مَاعَمِلُوْا
لِمَنْ عَمِلَ فَجَعَلْنَاهَا مَنْثُوْرًا وَّ اِنْ قَسَمْتَ عَلَيْكُمْ يَاكهعجهائِيْلُ
بِحُرْمَةِ سَيِّدِكَ يَدَعُ مَقْطَيُوْشِ اِنَّ الْجَنَايَا سَمِيْعٌ وَالصَّاعَاةُ وَ
تَخفره قَالُوْا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ
مِنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ يَاقَجَائِيْلُ قَالُوْا طَائِرُكُمْ مَعَكُمْ اِنْ ذُكِّرْتُمْ بَلْ اَنْتُمْ
قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ وَجَاءَ مِنْ اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ
اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ يَااَهْمَائِيْلُ وَمَالِيَ لَا اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَ اِلَيْهِ
تُرْجَعُوْنَ يَاابِيل ءَ اَتَّخِذُمِنْ دُوْنِهٖ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا
تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ اِنِّيْ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ
